ماری انرجیز لمیٹڈ

21ماؤوایریا، تھرڈروڈ، سیکٹرG-10/4،اسلام آباد۔

فون نمبر:051-111-410-410

www.marienergies.com.pk


# بیلٹ پیپر-غیر معمولی اجلاسِ عام

## 22مئی،2026ء بروزجمعہ، صبح ۱۰ بجے،بمقام سرینا ہوٹل،اسلام آباد

چیئرمین کا نامزد کردہ ای میل ایڈریس جس پر درست طریقے سے پُر شدہ بیلٹ پیپر بھیجا جا سکتا ہے:

chairman.bod@marienergies.com.pk

| | |
|---|---|
| شیئر ہولڈر/جوائنٹ شیئر ہولڈرز کا نام | |
| فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | |
| رجسٹرڈ ایڈریس | |
| شیئرز کی تعداد | |
| CNICنمبر (کاپی منسلک کریں) | |
| اضافی معلومات اور ملفوظات (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور فیڈرل گورنمنٹ کے نمائندہ کی صورت میں) | |

میں/ہم مندرجہ ذیل قرارداد کے سلسلے میں پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا/اپنے ووٹ کا استعمال کرتا/کرتی ہوں اور ذیل میں دیے گئے مناسب خانے میں ٹک (✓) کا نشان لگا کر اپنا/اپنی رضامندی یا اختلاف رائے کا اظہار کرتا/کرتی ہوں:

| نمبر شمار | قرارداد کی نوعیت اور تفصیل | ووٹ کے لئے عمومی شیئرز کی تعداد | میں/ہم قرارداد کی منظوری دیتے ہیں | میں/ہم قرارداد سے اختلاف کرتے ہیں |
|---|---|---|---|---|
| | **خصوصی کاروبار:** | | | |
| ا۔ | **جی ایچ جی ایمیشنز میٹیگیشن لمیٹڈ (جو کہ ماری انرجیز لمیٹڈ کی ایک ذیلی کمپنی ہے) میں مزید سرمایہ کاری پر غور وخوض کرنا اور اس کی منظوری دینا، اور اگر مناسب سمجھا جائے تو، درج ذیل قرارداد کی ترمیم، تبدیلی یا اصلاح کے ساتھ یا اس کے بغیر بطورِ خصوصی قرارداد کی منظوری۔**<br><br>**خصوصی قرارداد-I**<br><br>"**قرار پایا ہے کہ** کمپنیز ایکٹ، 2017 کی سیکشن 199 اور کمپنیز (انوسٹمنٹ اِن ایسوسی ایٹڈ کمپنیز / ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز) ریگولیشنز، 2017 کے تحت، کمپنی کے ممبران کی طرف سے اس | | | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | | امر کی منظوری دی جاتی ہے کہ کمپنی، جی ایچ جی ایمیشنز میٹیگیشن لمیٹڈ کے 244.8 ملین رائٹ شیئرز جن کی قیمت 10روپے فی شیئر ہے ،کو سبسکرائب کر کے 2,448,000,000 روپے(دو بلین چارسو اڑتالیس ملین روپے) تک کی مزید سرمایہ کاری کرے ،جو کہ جی ایچ جی ایمیشنز میٹیگیشن لمیٹڈ کی طرف سے جاری کیے جائیں گے۔<br>**مزید قرارپایا ہے کہ** کمپنی کے مینجنگ ڈائریکٹر/چیف ایگزیکٹو آفیسر، کمپنی سیکریٹری اور/یا چیف فنانشل آفیسر مشترکہ اورانفرادی طور پر اس قرارداد کو نافذ کرنے کے لئے کوئی بھی اور تمام ضروری قانونی اقدامات انجام دینے کے مجاز ہیں۔" | |
| | | | **جی ایچ جی ایمیشنز میٹیگیشن لمیٹڈ کی جانب سے حاصل کی جانے والی ٹرم فنانس فیسلیٹیز کے انتظام کے لیے لاگت میں اضافہ ، فنڈ بیس ایکویٹی کی معاونت اور ڈیٹ سروسنگ ریزرو اکاؤنٹ کے لیے سرمایہ کاروں کے حق میں "اسپانسر سپورٹ ایگریمنٹ" پر غور کرنا اور اس کی منظوری دینا، اور اگر مناسب سمجھا جائے تو، درج ذیل قرارداد کو، کسی بھی ترمیم، تبدیلی یا اصلاح کے ساتھ یا اس کے بغیر، بطورِ خصوصی قرارداد کی منظوری دینا۔**<br>**خصوصی قرارداد-II**<br>"**قرارپایا ہے کہ** ماری انرجیز لمیٹڈ (کمپنی) کے ممبران کی حبیب بینک لمیٹڈ اور/یا دیگر سرمایہ کاروں ("سرمایہ کاروں") کے حق میں اسپانسر سپورٹ ایگریمنٹ ("SSA") میں داخل ہونے اور اس پر عمل درآمد کی منظوری دینا، جن میں فنانسنگ فیسلیٹیز کے انتظام کے سلسلے میں، بشمول 38 ملین امریکی ڈالر (±5فیصد) کاایک لیٹر آف کریڈٹ اور14,400ملین روپے تک کی فنڈڈ فیسلیٹی ("فنڈڈ فیسلیٹی") (LC فیسلیٹی اور فنڈڈ فیسلیٹی کو مجموعی طور پر " | ۲۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | | فیسلیٹیز" کہا جاتا ہے) حاصل کرنے کے لیے، کمپنی کی ایک ذیلی کمپنی جی ایچ جی ایمیشنز میٹیگیشن لمیٹڈ ("GEM") ، کے ذریعے حاصل کی جا رہی ہے تا کہ سچل گیس پروسیسنگ کمپلیکس (پروجیکٹ) کے قریب گیس میٹیگیشن اور انرجی پروڈکشن فیسلیٹی کی مالی معاونت کی جا سکے۔<br>**مزید قرار پایا ہے کہ** کمپنی SSA کی شرائط کے مطابق، اسپانسر سپورٹ فراہم کرنے کے لیے مجاز ہے، جو کہ صرف اور صرف GEM میں اس کے متناسب شیئر ہولڈنگ تک محدود ہو گی، جیسا کہ: (i) پراجیکٹ کی تکمیل کے لیے درکار لاگت میں اضافے کو پورا کرنے کے لئے؛ (ii) فیسلیٹیز کے لیے سرمایہ کاروں کی ضروریات کے مطابق پروجیکٹ کی بنیادی ایکویٹی شراکت کی ضروریات کی مالی اعانت، (iii) ڈیبٹ سروس ریزرو اکاؤنٹ میں نقد رقم کی فراہمی یا فیسلیٹیز کے تحت GEM کی ڈیبٹ سروس ریزرو کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے سرمایہ کاروں کے حق میں لیٹر آف کریڈٹ کا بندوبست کرنا، اور (iv) فیسلیٹیز کے سلسلے میں سرمایہ کاروں کی ضرورت کے مطابق کسی بھی لیٹر آف کمفرٹ کی فراہمی اور اس میں مذکور کسی بھی ذمہ داری کو انجام دینا، جو کہ SSA اور فیسلیٹیز کی شرائط و ضوابط کے مطابق ہو۔<br>**مزید قرار پایا ہے کہ** کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/یا چیف فنانشل آفیسر اور/یا کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ اور/یا انفرادی طور پر مجاز ہیں کہ وہ SSA (اس میں کسی بھی ترامیم یا تبدیلی کے ساتھ) اور اس سے متعلقہ تمام ذیلی دستاویزات، معاہدوں، انڈر ٹیکنگز اور آلات پر گفت و شنید کریں، انہیں حتمی شکل دیں، دستخط کریں اور انہیں فراہم کرنے کے علاوہ، ان کے نفاذ کے لئے ضروری یا مناسب تمام اقدامات، اعمال اور کام انجام دیں (بشمول ان میں کسی بھی ترمیم، تبدیلی یا اصلاحات کا اضافہ)، تا کہ SSA اور فیسلیٹیز | |

**ماری انرجیز لمیٹڈ**

21ماؤوایریا، تھرڈروڈ، سیکٹرG-10/4،اسلام آباد۔

فون نمبر:051-111-410-410

www.marienergies.com.pk


| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | کے تحت اپنی ذمہ داریوں کے سلسلے میں مذکورہ قراردادوں کو موثر بنایا جاسکے۔<br>**مزید قرار پایا ہے کہ** اس حوالے سے مجاز نمائندگان کی طرف سے کی گئی یا کی جانے والی کسی بھی کارروائی کو، جو اس سے قبل یا اس کے بعد کی گئی ہو، یہ قرار دیا جاتا ہے کہ وہ منظور اور تصدیق شدہ تصور کی جائیں گی۔" | | | |

شیئرہولڈر کے دستخط

جگہ:

تاریخ:

**نوٹس/بیلٹ پیپر جمع کرانے کا طریقہ کار:**

1- باقاعدہ پُر شدہ پوسٹل بیلٹ چیئرمین ماری انرجیز بورڈ آف ڈائریکٹرز کو، 21ماؤوایریا، تھرڈروڈ،G-10/4، اسلام آباد-پاکستان کے ایڈریس پر یا ای میل chairman.bod@marienergies.com.pk کے ذریعے بھیجا جائے۔

2- شناختی کارڈ کی کاپی پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ منسلک کریں۔

3- پوسٹل بیلٹ فارم چیئرمین میٹنگ کو میٹنگ کے ایک دن پہلے یعنی 21 مئی، 2026ء کو کاروباری اوقاتِ کار کے دوران موصول ہوجانے چاہئیں۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والے کسی بھی پوسٹل بیلٹ کو ووٹنگ کے لئے زیرغور نہیں لایا جائے گا۔

4- پوسٹل بیلٹ پر موجود دستخط شناختی کارڈ پر موجود دستخط سے مماثل ہونے چاہئیں۔

5- نامکمل، دستخط کے بغیر، غلط، مسخ شدہ، پھٹے، گندے یا اوور رائٹنگ کے حامل بیلٹ پیپر کو مسترد کردیا جائے گا۔